مائن سائٹ کی جانچ کا ٹول

مائن سائٹ کا نام:	
کمپنی کا نام:	
مقام:	
تاریخ:	

01 مقامی ملازمت

	اس مائن سائٹ کے لیے، کیا کمپنی:	ہاں	نہیں
a.	**متاثرہ کمیونٹیز** سے بطور **ملازمین** کام کرنے والے **افراد** کی تعداد عوامی طور پر ظاہر کرتی ہے؟	☐	☐
b.	**متاثرہ کمیونٹیز سے ٹھیکیداروں** کے لیے کام کرنے والے **افراد** کی تعداد عوامی طور پر ظاہر کرتی ہے؟	☐	☐
c.	**متاثرہ کمیونٹیز سے خواتین کارکنان** جن کو بطور ملازمین نوکری دی گئی اور جن کو ٹھیکیداروں کی جانب سے نوکری دی گئی، ان کی تعداد عوامی طور پر ظاہر کرتی ہے؟	☐	☐
d.	متاثرہ کمیونٹیز سے بطور ملازمین اور ٹھیکیداروں کے لیے کام کرنے والے افراد **جن کو مزید اعلیٰ عہدوں پر ترقی دی گئی**، ان کی تعداد عوامی طور پر ظاہر کرتی ہے؟	☐	☐

02 مقامی حصول

	اس مائن سائٹ کے لیے، کیا کمپنی:	ہاں	نہیں
a.	مقامی علاقوں سے لی گئی اشیاء اور سروسز پر اپنی خرچ کی گئی **رقم کی مالیت** کو عوامی طور پر ظاہر کرتی ہے؟	☐	☐
b.	مقامی علاقے سے خریدی گئی **اشیاء اور سروسز کی اقسام** عوامی طور پر ظاہر کرتی ہے؟	☐	☐
c.	اپنے مقامی حصول کے پروگرامز کی **تشکیل کاری میں متاثرہ کمیونٹیز کو شامل کرتی ہے؟**	☐	☐
d.	اپنے مقامی حصول کے پروگرامز کی **تشکیل کاری میں متاثرہ کمیونٹیز سے خواتین کو فعال طور پر شامل کرتی ہے؟**	☐	☐

03	**ہوا کا معیار**		
	اس مائن سائٹ کے لیے، کیا کمپنی:	ہاں	نہیں
.a	**ہر مانیٹرنگ پوائنٹ کے لئے ہوا کے معیار کا ڈیٹا**، باقاعدگی سے، عوامی طور پر ظاہر کرتی ہے؟	☐	☐
.b	کب اور کہاں ہوا کا معیار حفاظتی حدود سے نیچے آیا ہے، اس امر کو **نمایاں** کرتی ہے؟	☐	☐
.c	ہوا کے معیار کو منظم کرنے کے **فیصلے کرنے میں متاثرہ کمیونٹیز کو شامل** کرتی ہے؟	☐	☐
.d	ہوا کے معیار کو منظم کرنے کے **فیصلے کرنے میں متاثرہ کمیونٹیز سے خواتین کو فعال طور پر شامل** کرتی ہے؟	☐	☐

04	**پانی کا معیار**		
	اس مائن سائٹ کے لیے، کیا کمپنی:	ہاں	نہیں
.a	**ہر مانیٹرنگ پوائنٹ پر پانی کے معیار کا ڈیٹا**، باقاعدگی سے، عوامی طور پر ظاہر کرتی ہے؟	☐	☐
.b	کب اور کہاں پانی کا معیار حفاظتی حدود سے نیچے گیا، اس امر کو **نمایاں** کرتی ہے؟	☐	☐
.c	پانی کے معیار کو منظم کرنے کے **فیصلے کرنے میں متاثرہ کمیونٹیز کو شامل** کرتی ہے؟	☐	☐
.d	پانی کے معیار کو منظم کرنے کے **فیصلے کرنے میں متاثرہ کمیونٹیز سے خواتین کو فعال طور پر شامل** کرتی ہے؟	☐	☐

05	**پانی کی مقدار**		
	اس مائن سائٹ کے لیے، کیا کمپنی:	ہاں	نہیں
.a	ماحول سے **حاصل کیے گئے پانی کی مقدار کو**، باقاعدگی سے، عوامی طور پر ظاہر کرتی ہے؟	☐	☐
.b	مشترکہ آبی وسائل تک **رسائی کو کیسے منظم کرنا ہے اس کے بارے میں متاثرہ کمیونٹیز سے تبادلہ خیال** کرتی ہے؟	☐	☐
.c	مشترکہ آبی وسائل تک **رسائی کو کیسے منظم کرنا ہے اس کے بارے میں تبادلہ خیال کرنے کے لیے متاثرہ کمیونٹیز سے خواتین** کو فعال طور پر شامل کرتی ہے؟	☐	☐
.d	اپنے پانی کے استعمال کو کم کرنے کے **فیصلوں میں متاثرہ کمیونٹیز کو شامل** کرتی ہے؟	☐	☐

06	**بحالی اور بعد از بندش**		
	اس مائن سائٹ کے لیے، کیا کمپنی:	ہاں	نہیں
.a	**مائننگ کا کام کب رک جائے گا یا بند ہو جائے گا** اس بارے میں متاثرہ کمیونٹیز کو آگاہ کرنے کو یقینی بناتی ہے؟	☐	☐
.b	اپنے بحالی اور بعد از بندش منصوبوں کی **تشکیل کاری میں متاثرہ کمیونٹیز کو شامل** کرتی ہے؟	☐	☐
.c	کمیونٹیز کے لیے بحالی اور بعد از بندش منصوبوں پر **متاثرہ کمیونٹیز کے متفق ہونے** کا اطمینان کرتی ہے؟	☐	☐
.d	اپنے بحالی اور بعد از بندش منصوبوں کی **تخلیق** و **توثیق میں متاثرہ کمیونٹیز سے خواتین کو فعال طور پر شامل** کرتی ہے؟	☐	☐

07	**فاسد مادے**		
	اس مائن سائٹ کے لیے، کیا کمپنی:	ہاں	نہیں
.a	اپنے فاسد مادوں کی ذخیرہ کاری کے علاقوں کے **درست محلِ وقوع** کو عوامی طور پر ظاہر کرتی ہے؟	☐	☐
.b	اپنے تمام فاسد مادوں کی ذخیرہ کاری کے علاقوں کو افراد اور حیوانات کے لئے **مقامی طور پر قابل فہم طریقوں سے نشان زد کرنے اور محفوظ بنانے** کا اطمینان کرتی ہے؟	☐	☐
.c	عین اس **جغرافیائی علاقے** کو عوامی طور پر ظاہر کرتی ہے **جو اس کے فاسد مادوں کے ڈیمز کی ناکامی سے متاثر** ہو سکتا ہے؟	☐	☐
.d	باقاعدگی سے **سائرن اور دیگر انتباہی نظاموں کی جانچ** کرتی ہے تاکہ کارکنان اور متاثرہ کمیونٹیز کو فاسد مادوں کے کسی بھی قسم کے واقعات کی صورت میں الرٹ کرنے کو یقینی بنایا جائے؟	☐	☐

08	**کمیونٹیز کا تحفظ**		
	اس مائن سائٹ کے لیے، کیا کمپنی:	ہاں	نہیں
.a	مائننگ کے مجاز علاقے میں ہونے والے **کام سے غیر متعلقہ اموات کی تعداد اور حالات** کو عوامی طور پر ظاہر کرتی ہے؟	☐	☐
.b	مائننگ سے متعلقہ ہنگامی صورت میں متاثرہ کمیونٹیز کو **کیا کرنا ہے اس سے ان کے آگاہ ہونے** کا اطمینان کرتی ہے؟	☐	☐
.c	ان ہنگامی ردعمل کے منصوبوں کی **جانچ میں متاثرہ کمیونٹیز کو شامل** کرتی ہے؟	☐	☐
.d	ان ہنگامی ردعمل کے منصوبوں کی **جانچ میں متاثرہ کمیونٹیز سے خواتین کو فعال طور پر شامل** کرتی ہے؟	☐	☐

	09 کمیونٹی کی شکایات و اعتراضات		
	اس مائن سائٹ کے لیے، کیا کمپنی:	ہاں	نہیں
a.	کیا **متاثرہ کمیونٹیز** اور افراد کے اپنی شکایات و اعتراضات رجسٹر کروانے کی خاطر **اعتراض کے باضابطہ طریقہ کار** کی حامل ہے؟	☐	☐
b.	یقینی بناتی ہے کہ کمیونٹی کے اعتراضات وصول کرنے اور عمل کاری کے لیے عملے میں مرد و خواتین ممبرز موجود ہوں تاکہ **متاثرہ کمیونٹی سے خواتین اپنی کسی ہم جنس سے بات کر سکیں**؟	☐	☐
c.	متاثرہ کمیونٹیز اور افراد کی جانب سے رجسٹر کروائی گئی **شکایات/اعتراضات کی تعداد اور نوعیتیں** عوامی طور پر ظاہر کرتی ہے؟	☐	☐
d.	ایک جیسی شکایات/اعتراضات کی تکرار سے گریز کرنے کے لیے یہ **کیا اقدامات کر رہی ہے، اس بارے میں متاثرہ کمیونٹیز کے ساتھ تبادلہ خیال کرتی ہے**؟	☐	☐

	10 کارکنان کی حفاظت و صحت		
	اس مائن سائٹ کے لیے، کیا کمپنی:	ہاں	نہیں
a.	اپنے تمام ملازمین اور ٹھیکیداروں کے لیے کام کرنے والے افراد کے لیے **مناسب حفاظتی سامان**، بلامعاوضہ فراہم کرتی ہے؟	☐	☐
b.	اپنے تمام ملازمین اور ٹھیکیداروں کے لیے کام کرنے والے افراد کے لیے **صفائی اور لباس تبدیل کرنے کی موزوں سہولیات** فراہم کرتی ہے؟	☐	☐
c.	**خواتین کارکنان** کی صفائی اور لباس تبدیل کرنے کی ان موزوں سہولیات تک رسائی کو یقینی بناتی ہے کہ جو محفوظ اور مرد کارکنان کے زیرِ استعمال سہولیات سے الگ ہوں؟	☐	☐
d.	**ایک کارکن کے اور ایک دن کے کام میں صرف ہونے والے اوسط اوقات** عوامی طور پر ظاہر کرتی ہے؟	☐	☐

	11 خواتین کارکنان		
	اس مائن سائٹ کے لیے، کیا کمپنی:	ہاں	نہیں
a.	**خواتین کارکنان کو ہراسانی سے بچانے** کے لیے اقدامات کرتی ہے؟	☐	☐
b.	**خواتین کارکنان کے خلاف صنفی بنیاد پر تشدد سے تحفظ** کے لیے اقدامات کرتی ہے؟	☐	☐
c.	تمام خواتین کارکنان اور ٹھیکیداروں کے لیے کام کرنے والی خواتین کے لیے ایسے **کام کاج کے لباس اور ذاتی حفاظتی سامان** کی فراہمی کو یقینی بناتی ہے کہ جو خواتین کے جسم کے لیے مناسب ہو؟	☐	☐
d.	اپنے تمام ملازمین اور ٹھیکیداروں کے لیے کام کرنے والے افراد کے لیے **صنفی آگاہی کی تربیت** فراہم کرتی ہے؟	☐	☐

12	**جائے کار پر اموات و حادثاتی چوٹیں**		
	اس مائن سائٹ کے لیے، کیا کمپنی:	ہاں	نہیں
a.	**اپنے ملازمین کے** جائے کار پر ہونے والے **حادثات و اموات کی تعداد اور حالات** کو عوامی طور پر ظاہر کرتی ہے؟	☐	☐
b.	**ٹھیکیداروں کے لیے کام کرنے والے افراد** کے جائے کار پر ہونے والے **حادثات و اموات کی تعداد اور حالات** کو عوامی طور پر ظاہر کرتی ہے؟	☐	☐
c.	خطرات کا اندازہ لگانے اور حادثات کی تفتیش کرنے کے لئے کارکنان اور آجر کے نمائندگان کی جانب سے تشکیل دی گئی **مشترکہ کمیٹی برائے پیشہ ورانہ تحفظ و صحت** کی حامل ہے؟	☐	☐
d.	کیا مشترکہ کمیٹی برائے پیشہ ورانہ تحفظ و صحت میں **خواتین کارکنان کی نمائندگی کیے جانے** کو یقینی بناتی ہے؟	☐	☐

13	**کارکنان کی تربیت**		
	اس مائن سائٹ کے لیے، کیا کمپنی:	ہاں	نہیں
a.	یقینی بناتی ہے کہ تمام ملازمین اور ٹھیکیداروں کے لئے کام کرنے والے افراد کو اپنا کام تحفظ کے ساتھ اور زخمی ہوئے بغیر انجام دینے کے لیے **ضروری ہدایات** ملی ہوں؟	☐	☐
b.	کارکنان کو اپنی **تکنیکی مہارتوں کو پروان چڑھانے کی خاطر**، بلامعاوضہ، تربیت فراہم کرتی ہے؟	☐	☐
c.	**خواتین کارکنان کی تمام تربیتی** پروگرامز اور تعلیمی مواقع تک رسائی کو یقینی بناتی ہے؟	☐	☐
d.	**تمام ملازمین اور ٹھیکیداروں کے لیے کام کرنے والے افراد** کو اپنے ہنگامی ردعمل کے منصوبوں کی جانچ میں شامل کرتی ہے؟	☐	☐

14	**گزربسر کی معقول اجرت**		
	اس مائن سائٹ کے لیے، کیا کمپنی:	ہاں	نہیں
a.	**اجرت کی اس سطح کا تعین** کرتی ہے کہ جس سے کارکنان اور ان کے خاندان معقول زندگی گزار سکیں؟	☐	☐
b.	یقینی بناتی ہے کہ اس کے تمام ملازمین کی **اجرت** گزربسر کی اس معقول اجرت کے برابر یا اس سے زیادہ ہو؟	☐	☐
c.	یہ یقینی بنانے کے لئے اپنے **ٹھیکیداروں** کے ساتھ مشغول ہوتی ہے کہ ان کے لیے کام کرنے والے افراد کو گزربسر کی معقول سطح کی اجرت حاصل ہو؟	☐	☐
d.	ہر سطح کی نوکری کے لیے **مرد و خواتین کارکنان کی تنخواہ کی کم ترین سطح** کو عوامی طور پر ظاہر کرتی ہے؟	☐	☐

15	**کارکنان کے شکایات و اعتراضات**		
	اس مائن سائٹ کے لیے، کیا کمپنی:	ہاں	نہیں
a.	کیا اپنے **ملازمین اور ٹھیکیداروں کے لیے کام کرنے والے افراد** کے شکایات/اعتراضات کو رجسٹر کروانے کے لیے **اعتراضات کا باضابطہ طریقہ کار** رکھتی ہے؟	☐	☐
b.	کارکنان کے اعتراضات کو وصول کرنے اور عمل کاری کے لیے عملے میں مرد و خواتین ممبرز کی دستیابی کو یقینی بناتی ہے تاکہ **خواتین کارکنان اپنی کسی ہم جنس سے بات کر سکیں؟**	☐	☐
c.	اپنے ملازمین اور ٹھیکیداروں کے لیے کام کرنے والے افراد کی جانب سے رجسٹر کروائی گئی **شکایات/اعتراضات کی تعداد اور نوعیتیں** عوامی طور پر ظاہر کرتی ہے؟	☐	☐
d.	ایک جیسی شکایات/اعتراضات کی تکرار سے گریز کرنے کے لیے جو **اقدامات کر رہی ہے ان پر ملازمین، ٹھیکیداروں کے کارکنان اور ان کے نمائندگان کے ساتھ تبادلہ خیال** کرتی ہے؟	☐	☐

تبصرے:

تعارف

01 مقامی ملازمت

ایک کمپنی جو اپنی مائن سائٹ پر کام کرنے والے مقامی افراد کی تعداد عوامی طور پر ظاہر کرتی ہے وہ مقامی کمیونٹیز کی معاشی ترقی میں اپنی کار فرمائی کے عزم کو ظاہر کر سکتی ہے۔ خواتین کارکنان سے متعلق مخصوص ڈیٹا کا انکشاف کر کے کمپنی کو یہ ظاہر کرنے میں مدد ملتی ہے کہ وہ اس بات کو یقینی بنا رہی ہے کہ ان کی بھرتی اور جائے کار کی عملیاتی سرگرمیوں میں خواتین کے خلاف امتیازی سلوک نہ کیا جائے۔ اور کمپنی یہ ظاہر کر کے کہ کتنے مقامی افراد اس کے ٹھیکیداروں کے لیے کام کرتے ہیں، ملازمت کی صورتحال کی زیادہ مکمل تصویر پیش کر سکتی ہے۔

02 مقامی حصول

کمپنی جو اشیاء اور سروسز مقامی طور پر خریدتی ہے وہ مقامی خطے میں کاروباری ترقی اور معاشی ترقی کو معاونت دے سکتی ہے۔ جب کمپنی مقامی حصول کے بارے میں معلومات دیتی ہے، تو یہ مقامی کاروباری اداروں کو مائن سائٹ کے فراہم کنندگان بننے کے مواقع شناخت کرنے میں مدد دیتی ہے، اور یہ بھی ظاہر کرتی ہے کہ یہ کیسے مقامی کاروباری اداروں کو فراہم کنندگان بننے کی ترغیب دے رہی ہے۔

03 ہوا کا معیار

مائن کی موجودگی سے بہت سی کمیونٹیز کے لیے فضائی آلودگی سے متاثر ہونا ایک اہم خدشہ ہے، کیونکہ فضائی آلودگی ان کی صحت، ان کی غذائی اجناس کی پیداوار، ان کے مال مویشی اور بعض اوقات ان کے ذریعہ معاش کو متاثر کرتی ہے۔ جب کمپنی مائن کے ارد گرد ہوا کے معیار کے بارے میں ڈیٹا ظاہر کرتی ہے، اور کمیونٹیز کے ساتھ اس بات پر تبادلہ خیال کرتی ہے کہ وہ ہوا کے معیار کو کیسے منظم کر رہی ہے، تو اس سے اعتماد قائم ہو سکتا اور گرد و غبار اور فضائی آلودگی سے متعلق خوف کم ہو سکتا ہے۔

04 پانی کا معیار

کمپنی پانی کے معیار کے بارے میں جہاں ڈیٹا جمع کرے ہر اس مقام پر اس ڈیٹا کو باقاعدگی سے ظاہر کر کے متاثرہ کمیونٹیز کے لیے پانی کے معیار سے متعلقہ اپنی عوامی معلومات کو کہیں زیادہ مفید بنا سکتی ہے۔ کب اور کہاں پانی کا معیار حفاظتی حدود سے نیچے گیا کمپنی اس کے بارے میں وضاحت کر کے، اور متاثرہ کمیونٹیز کے ساتھ پانی کے معیار کو منظم کرنے کی خاطر اپنائی گئی کوششوں کے بارے میں تبادلہ خیال کر کے اعتماد قائم کر سکتی ہے۔

05 پانی کی مقدار

پانی تک رسائی، مائننگ کمپنیز اور متاثرہ کمیونٹیز، خاص طور پر پانی کی قلت والے علاقوں کے مابین تنازعے کی عام وجہ ہے۔ کمپنی مقامی ذرائع سے حاصل کردہ پانی کی مقدار ظاہر کر کے اور متاثرہ کمیونٹیز کے ساتھ اس بارے میں تبادلہ خیال کر کے متاثرہ کمیونٹیز کے لئے اپنا احترام ظاہر کر سکتی ہے کہ وہ پانی کے استعمال میں کس طرح مقامی لوگوں کی پانی کی ضروریات کو مدنظر رکھتی ہے۔

06 بحالی اور بعد از بندش

کمپنی کو اپنی مائن سائٹ کے آس پاس کے علاقے پر مثبت اثرات مرتب کرنے کے لیے، اس بات کو یقینی بنانے کی ضرورت ہے کہ جب مائن بند ہو جائے گی تو متاثرہ کمیونٹیز کو پائیدار ذریعہ معاش حاصل ہو گا۔ اس میں یہ بات یقینی بنانا شامل ہے کہ مقامی افراد صحت مندانہ قدرتی وسائل (زمین، پانی، وغیرہ) اور معاشی مواقع پر انحصار کر پائیں گے۔ کمپنی کو متاثرہ کمیونٹیز کے ساتھ مائن بند کرنے کے منصوبے پر تبادلہ خیال کرنے اور اس کی منظوری دینے کی بھی ضرورت ہو گی تاکہ اس بات کو مدنظر رکھا جا سکے کہ مقامی لوگ مائن بند ہونے پر علاقہ کیسا دیکھنا چاہتے ہیں۔

07 فاسد مادے

فاسد مادوں کے ڈیمز افراد، مال مویشی، اور ماحول کے لیے بہت خطرناک ہو سکتے ہیں۔ اگر فاسد مادوں کے ڈیمز منہدم ہو جائیں تو، یہ بڑی تعداد میں فضلہ خارج کر سکتے ہیں جس سے اموات ہو سکتیں، دریا خشک ہو سکتے، گھر تباہ ہو سکتے، ذریعہ معاش ختم ہو سکتے اور آنے والے برسوں تک ماحول اور مقامی کمیونٹیز پر سنگین اثرات مرتب ہو سکتے ہیں۔ کمپنی اپنے فاسد مادوں کے ڈیمز پر عملی معلومات ظاہر کر کے، یہ یقینی بنا کر کہ یہ ڈیمز واضح طور پر نشان زد کردہ ہوں اور افراد اور حیوانات کو حادثاتی چوٹ یا موت سے بچانے کے لئے محفوظ کردہ ہوں، اور باقاعدگی سے انتباہی نظاموں کی جانچ کر کے اس بات کا اظہار کر سکتی ہے کہ وہ اس مسئلے کو سنجیدگی سے لیتی ہے۔

08 کمیونٹیز کا تحفظ

مائننگ عام طور پر مقامی کمیونٹیز کے لیے خطرے کا باعث ہے، کیونکہ حادثات و تنازعات کے نتیجے میں اموات و نقصانات ہو سکتے ہیں۔ ہونے والی اموات کی تعداد اور حالات و واقعات کو عوامی طور پر ظاہر کر کے کمپنی مقامی کمیونٹیز کا احترام کر سکتی اور ان کو محفوظ رکھنے میں مدد دے سکتی ہے۔ اور اگرچہ اس بات کی ضمانت دینا نا ممکن ہے کہ مائننگ سے متعلقہ ایمرجنسیز کبھی نہیں ہوں گی، پھر بھی کمپنی کسی بھی منفی اثرات کو کم کرنے کے لیے بحران سے نمٹنے کے اور ہنگامی ردعمل کے منصوبے تیار کر سکتی ہے۔ ان ردعمل کے منصوبوں کی جانچ کرنے کے لیے متاثرہ کمیونٹی کے ممبرز کو شامل کر کے، کمپنی یہ یقینی بنانے میں مدد دے سکتی ہے کہ حقیقی ہنگامی صورتحال میں یہ منصوبے ٹھیک کام کریں۔

09 کمیونٹی کی شکایات و اعتراضات

ایسی کمپنی جو مقامی کمیونٹیز کا احترام کرتی ہے وہ ان کے خدشات، کو جاننے، اور ان پر ردعمل دینے کی خواہاں ہوتی ہے۔ اس میں باضابطہ عمل کاری کا قیام شامل ہے (جسے کمیونٹی کا اعتراض کا طریقہ کار کہا جاتا ہے) جو متاثرہ کمیونٹیز سے افراد یا گروپس کو اپنی شکایات رجسٹر کروانے کا اختیار دیتا ہے، تاکہ کمپنی کی جانب سے ان مسائل کا ازالہ کیا جائے۔ اگر کمپنی یہ بتائے کہ طریقہ کار کو کیسے استعمال کیا جاتا ہے، اور ان شکایات کو موثر طور پر حل کرنے کے لیے کیا اقدامات اپنائے گئے ہیں، تو کمیونٹیز کے ممبرز کا ان پر اعتماد کرنے اور ان شکایت کے طریقہ کاروں کو استعمال کرنے کا امکان بڑھ جاتا ہے۔

10 کارکنان کی حفاظت و صحت

محفوظ ماحول کارکنان کو جسمانی و دماغی طور پر صحت مند رکھتا ہے۔ کام کرنے کے محفوظ ماحول عام طور پر کارآمد ہوتے ہیں، اور مائن سائٹ کے اچھے حفاظتی حالات کارکنان اور سرمایہ کاروں کو اپنی طرف زیادہ راغب کر پاتے ہیں۔ ایک مائننگ کمپنی اپنے کارکنان کو مناسب حفاظتی سامان اور ٹوائلٹس اور ہاتھ دھونے کی موزوں سہولیات کہ جو مرد و خواتین کے لیے محفوظ ہوں، فراہم کر کے حفاظتی خطرات سے گریز اور ان میں کمی کر سکتی ہے۔ کام کے شیڈولز کی شفاف نگرانی ممکنہ بدسلوکی کے افعال سے بچا سکتی ہے۔

11 خواتین کارکنان

مائن سائٹس پر خواتین کارکنان کام کے غیر محفوظ اور ضرر رساں حالات سے سب سے زیادہ دوچار ہوتی ہیں۔ کمپنی براسانی و صنفی بنیاد پر تشدد سے تحفظ فراہم کرنے کے لیے اقدامات اٹھا کر، نیز خواتین کارکنان کو کام کاج کے مناسب کپڑے اور حفاظتی سامان فراہم کر کے خواتین کے لیے اپنا احترام ظاہر کر سکتی ہے۔ صنفی کردار کو سمجھنے میں مرد و خواتین کی مدد کرنے کے لیے اور جائے کار میں صنفی مساوات کو بڑھانے کے لیے مناسب تربیت ضروری ہے۔

12 جائے کار پر اموات و حادثاتی چوٹیں

مائننگ ایک خطرناک پیشہ ہے۔ عالمی سطح پر، مائن سائٹس پر ہونے والے جائے کار کے مہلک حادثات اب بھی کثرت سے ہوتے ہیں۔ مائننگ کمپنی حادثات و اموات کا انکشاف اور تفتیش کر کے جائے کار کے حفاظت کے خطرات سے بچ سکتی اور ان میں کمی لا سکتی ہے۔ مائننگ انڈسٹری ٹھیکیداروں پر زیادہ سے زیادہ انحصار کرتی ہے، تو کمپنی کے لیے یہ ضروری ہے کہ وہ ٹھیکیداروں کے لیے کام کرنے والے افراد کی کسی قسم کی ہلاکتوں کے بارے میں بھی معلومات فراہم کرے، تاکہ اپنے کارکنان کی حفاظتی صورتحال کی زیادہ مکمل تصویر فراہم کر سکے۔

13 کارکنان کی تربیت

عالمی تنظیم برائے مزدور(International Labour Organisation) کے مطابق، کسی بھی شخص کو اس وقت تک مائن سائٹ پر کام کے لئے بھرتی نہیں کرنا چاہیئے جب تک اس شخص کو ضروری ہدایت اور تربیت حاصل نہ ہو کہ وہ کام کو قابلیت اور تحفظ کے ساتھ انجام دے سکے۔ لہٰذا تربیت میں نہ صرف صحت و حفاظت اور ہنگامی اقدامات، بلکہ تکنیکی مہارتوں کا احاطہ کرنے کی بھی ضرورت ہے پھر تعلیمی اور تربیتی کارکنان ایک زیادہ کارآمد افرادی قوت کی رہنمائی کا فریضہ انجام دے سکتے ہیں۔

14 گزربسر کی معقول اجرت

گزربسر کی اجرت وہ ہوتی ہے کہ جو کارکنان اور ان کے خاندانوں کو بنیادی لیکن معقول طرز زندگی بسر کرنے، غربت کی سطح سے اوپر زندگی جینے، اور سماجی و ثقافتی زندگی میں شرکت کرنے کے قابل بناتی ہے۔ گزربسر کی اجرت ایک بنیادی حق ہے۔ ایک مائننگ کمپنی جو اپنے ملازمین اور ٹھیکیداروں کے لیے کام کرنے والے افراد کے لیے گزربسر کی معقول اجرت دینے کی خاطر اقدامات کرتی ہے وہ کارکنان کے ساتھ اپنے تعلق کو مضبوط بناتی، کارکنان کے حوصلے اور بارآوری کو بڑھاتی ہے؛ اور یہ ظاہر کرتی ہے کہ یہ اپنے کارکنان کے حقوق کا احترام کرتی ہے۔

15 کارکنان کے شکایات و اعتراضات

ایسی کمپنی جو اپنے کارکنان کا احترام کرتی ہے وہ ان کے خدشات، جاننے اور ان پر ردعمل دینے کی خواہاں ہوتی ہے۔ اس میں باضابطہ عمل کا قیام شامل ہے (جسے کارکنان کے اعتراض کا طریقہ کار کہا جاتا ہے) جو کارکنان کو اپنی شکایات رجسٹر کروانے کا ذریعہ فراہم کرتا ہے، تاکہ ان کے خدشات کا کمپنی کی جانب سے ازالہ کیا جا سکے۔ اعتراض کا موثر طریقہ کار کمپنی اور اس کی افرادی قوت کے مابین مثبت تعلقات کی راہ ہموار کرتا ہے۔ کمپنی یہ ظاہر کر کے اعتراض کے عمل پر اعتبار کو فروغ دے سکتی ہے کہ اعتراض کے طریقہ کار کو کیسے استعمال کیا جاتا ہے اور ان شکایات کو موثر طور پر حل کرنے کے لیے کمپنی کس طرح اقدامات اٹھا رہی ہے۔

ذمہ دارانہ مائننگ سے متعلقہ مسائل کے مزید مکمل فریم ورک کے لیے، آپ ریسپانسبل مائننگ فاؤنڈیشن (Responsible Mining Foundation)کی ویب سائٹ ملاحظہ کر سکتے ہیں:
www.responsibleminingfoundation.org

سوالات و معاونت کے لیے، براہ کرم لکھیں بنام
contact@responsibleminingfoundation.org

عوامی بھلائی کی خاطر مفت شائع کیا گیا ہے

CC BY NC

تمام ڈیٹا اور تحریری مواد کری ایٹیو کامنز ایٹریبیوشن نان کمرشل 4.0 انٹرنیشنل لائسنس (CC BY-NC 4.0) کے تحت لائسنس یافتہ ہے۔ صارفین مواد کو شیئر کرنے اور اختیار کرنے میں آزاد ہیں لیکن مناسب کریڈٹ، لائسنس کا لنک لازماً فراہم کریں اور اگر کوئی تبدیلیاں کی جائیں تو نشاندہی کریں۔ لائسنس یافتہ مواد تجارتی مقاصد، یا امتیازی، تضحیکی یا مسخ شدہ طریقے سے استعمال نہیں کیا جا سکتا۔ جب حوالہ دیں، تو منسوب کریں بنام: (2020) (RMF) Responsible Mining Foundation«، '*Mine Site Assessment Tool*«'

نوٹ

اس دستاویز کا مواد ضروری نہیں کہ فنڈرز، ٹرسٹیز، اور ریسپانسبل مائننگ فاؤنڈیشن (RMF)کے ملازمین، اور ان دیگر افراد کے خیالات کی نمائندگی کرے جنہوں نے مشاورتوں میں اور اس دستاویز میں مشیران کی حیثیت سے حصہ لیا۔